Mr. Speaker: The ‘Ayes’ have it. The Clauses 6 to 9 stand part of the Bill. Schedule and Appendix also stand part of the Bill. Preamble and Long Title also stand part of the Bill.

فنانس بل مجریہ 2019-20 کا پاس کیا جانا

Mr. Speaker: ‘Passage Stage’: The Minister for Finance, to please move that the Khyber Pakhtunkhwa, Finance Bill, 2019-20 may be passed.

Minister for Finance: Mr. Speaker, I request to move that the Khyber Pakhtunkhwa, Finance Bill, 2019-20 may be passed.

Mr. Speaker: The motion before the House is that the Khyber Pakhtunkhwa, Finance Bill, 2019-20 may be passed? Those who are in favour of it may say ‘Yes’and those who are against it may say ‘No’.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The ‘Ayes’ have it. The Bill is passed.

(Applause)

منظور شدہ اخراجات کے توثیق شدہ جدول برائے مالی سال 2019-20 کا ایوان کی میز پر رکھا جانا

Mr. Speaker: Honourable Minister for Finance, to please lay on the table of the House the Authenticated Schedule of Authorized Expenditure of Budget for the Year 2019-20, under Article 123 of the Constitution. Honourable Minister for Finance.

Minister for Finance: Mr. Speaker, I request to lay on the table of the House, the Authenticated Schedule of the Demand for Grant 2019-20, under Article 123 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan.

Mr. Speaker: It stands laid. Honorable Chief Minister, Khyber Pakhtunkhwa, Janab Mehmood Khan Sahib.

(Applause)

جناب محمود خان (وزیر اعلیٰ): سپیکر صاحب! ان کو دو دو منٹ کی اجازت دے دیں، دو دو منٹ کی دیں، دو دو منٹ۔

جناب سپیکر: سردار حسین بابک صاحب، For two minutes، سردار حسین بابک صاحب، بابک صاحب! آپ سب کے Behalf پہ بات کرلیں، پھر چیف منسٹر صاحب سپیچ کرینگے۔

جناب سردار حسین: یہ عنایت اللہ خان بھی دو تین منٹ بات کرلینگے، میں آپکو یقین دلاتا ہوں۔

(شور)

جناب سردار حسین: میرے خیال میں اب ہمیں آسان ہو جائے گا اور کوئی مسئلہ نہیں، جناب سپیکر! آپ کا شکریہ۔

جناب سپیکر: چلیں، آپ دو پارلیمانی لیڈر یہاں موجود ہیں، آپ دونوں کرلیں، سردار یوسف کرلیں اور آپ کرلیں۔

(مداخلت)

جناب سپیکر: نہیں، باقی نہیں، بابک صاحب۔

رسمی کارروائی

جناب سردار حسین: شکریہ جناب سپیکر۔ جناب سپیکر، وزیر اعلیٰ صاحب ہاؤس میں آئے ہیں، ہم انہیں خوش آمدید بھی کہتے ہیں اور Unexpectedly، مجبوراً آج اپوزیشن نے سارے بجٹ کے دوران آپ کو اور سارے ہاؤس کو اپنے تحفظات سے اور اپنے علاقوں کی مشکلات سے ٹائم ٹو ٹائم ہم بجٹ سیشن کے دوران آگاہ کرتے رہے اور یہاں پہ اونچی آواز سے بات کرنا، ہنگامہ کرنا، یہ کوئی مہذب اور مناسب طریقہ نہیں ہے، کسی بھی حوالے سے، اور نہ یہ طریقہ ہمیں پسند ہے اور پھر وزیر اعلیٰ صاحب کی موجودگی میں اس طرح کا ماحول بننا، یقیناً اس طرح کے ماحول کے بننے پہ ہم خوش نہیں ہیں لیکن جناب سپیکر، چونکہ بجٹ سیشن کے دوران، سپیچ کے دوران تو وزیر اعلیٰ صاحب موجود تھے، بجٹ سیشن کے دوران وزیر اعلیٰ صاحب موجود نہیں تھے تو انکی موجودگی کا فائدہ اٹھاتے ہوئے، یعنی جن مشکلات اور جن تحفظات کی وجہ سے آج ہمیں آپ کے ڈائس کے سامنے آنا پڑا، ضرور اس پہ بات کرینگے۔ جناب سپیکر! میں نے اپنی پہلی سپیچ میں بھی

کہا تھا کہ بجٹ سارے صوبے کیلئے ہوتا ہے۔ جناب سپیکر، میں نے یہ بھی کہا تھا کہ صوبے کے کروڑوں عوام خواہ انکا تعلق حکومتی ممبر کے حلقے سے ہو یا انکا تعلق اپوزیشن کے ممبر کے حلقے سے ہو، وہ ٹیکس دیتے ہیں، وہ بجلی کے بل دیتے ہیں، وہ گیس کے بل دیتے ہیں، یہ علاقے ہمارے صوبے کی آمدن کے ذرائع ہیں، پیداواری علاقے ہیں، جناب سپیکر، اب بجٹ میں میں نے سوال بھی اٹھایا اور اس سوال کا جواب مجھے وزیر خزانہ صاحب نے نہیں دیا اور میں نے یہ پوچھا تھا کہ کونسے ضابطے اور کونسے قانون کے تحت اپوزیشن کے حلقوں کو ترقیاتی کاموں سے نکالا گیا ہے؟ لیکن مجھے وزیر خزانہ صاحب نے جواب نہیں دیا، میں نے یہ بھی کوئسچن Put کیا کہ شاید کوئی نیا ضابطہ بنا ہو، شاید کوئی نیا قانون بنا ہو لیکن انہوں نے مجھے جواب نہیں دیا۔، جناب سپیکر، یہ بہت بڑی زیادتی ہے، اگر اس مہذب ایوان میں بجٹ جب بن رہا تھا تو بھی ہم نے ڈیمانڈ کیا تھا اور میں Repeat کرونگا کہ اسی ہاؤس میں بننا چاہیے تھا، کیوں؟ اسلئے کہ اس ہاؤس سے پاس ہونا آئینی طور پہ لازمی ہے، اگر ایک ڈاکیومنٹ کا ادھر پاس ہونا آئینی طور پہ لازمی ہے، بننا بھی یہاں چاہئیے تاکہ اتنے ہنگامے نہ ہوں تاکہ اتنا ظلم نہ ہو تاکہ اتنی ناانصافی نہ ہو۔ جناب سپیکر! اس صوبے کے وسائل پہ جتنا حق کسی حکومتی ممبر کا ہے، اتنا ہی حق اپوزیشن کے ہر ایک ممبر کا ہے، جناب سپیکر! مجھے امید ہے جب وزیر اعلیٰ صاحب یہاں پہ ایلیکٹ ہوئے تو بھی میری سپیچ ریکارڈ پہ ہے، میں نے کہا کہ صوبے کی تاریخ میں پہلی دفعہ ملاکنڈ ڈویژن کو اگر نمائندگی ملی ہے تو اس وقت بھی مجھے امید تھی اور مجھے اب بھی امید ہے اور میں وزیر اعلیٰ صاحب سے ریکویسٹ بھی کرونگا کہ وہ ڈرائیونگ سیٹ پہ بیٹھے ہیں، ان سارے مسائل کو، میں دوبارہ ریکویسٹ کرونگا وزیر اعلیٰ صاحب سے کہ وہ خود، وہ خود اپوزیشن کے تمام ممبران کی جو مشکلات ہیں، جو تحفظات ہیں، جو مسائل ہیں، اس امید کے ساتھ میں آپکو ریکویسٹ کرونگا کہ آپ خود اس کو حل بھی کریں گے اور حل کرنے کی کوشش بھی وزیر اعلیٰ صاحب آپ کریں گے۔ جناب سپیکر، مرکز نے ہمارے صوبے کو جو حصہ دینا ہے، ابھی تک ہمیں نہیں دے سکا، اب اس حصے کیلئے یا جو ہمارا شیئر بنتا ہے اس کیلئے تمام ہاؤس کا اکٹھا ہونا ضروری ہے۔ جناب سپیکر، اپوزیشن کے بغیر میرے خیال میں پھر یہ ہاؤس نامکمل ہے اور اگر یہ ہاؤس نامکمل رہے گا تو صوبے کو نقصان ہوگا۔ جناب سپیکر! میں ایک ایک چیز، چونکہ ہم بجٹ میں انکی نشاندہی کر چکے ہیں، میں ریکویسٹ کرونگا کہ Ongoing Schemes میں جو ریلیزز ہوئی ہیں جون کے مہینے میں اور جون کے مہینے سے پہلے، اپوزیشن کے تمام حلقوں کو مائنس کر دیا گیا ہے۔ جناب سپیکر! مجھے پتہ ہے اور وزیر اعلیٰ صاحب کو بھی پتہ ہے کہ جو ہمارا Throw forward ہے وہ ہمارا صوبہ Afford

نہیں کر سکتا لیکن اسکے باوجود ظاہر ہے پولیٹکل پریشر ہوتا ہے، اپنے ممبران کو Oblige کرنا اور ضروری بھی ہوتا ہے، میں اسکی مخالفت نہیں کرتا لیکن اتنے بڑے Throw forward کی موجودگی میں اگر نئی سکیمز دینی تھیں مگر اپوزیشن کے تمام حلقوں کو مائنس کر دیا گیا ہے۔ جناب سپیکر! یہ جو ہمارے جنوبی اضلاع ہیں وہاں پہ تیل اور گیس کی پیداوار ہے، پچھلے کئی سالوں سے یہاں پہ ہم نے لیجسلیشن کی ہے، یعنی قانون کی رو سے وہ حصے کے حساب سے جنوبی اضلاع کو جانا چاہیئے مگر وہ حصہ نہیں گیا، جناب سپیکر! مجھے اس بات پہ خوشی ہے کہ موٹروے کو Extend کر دیا گیا ہے سوات تک، لیکن میں مطالبہ کرونگا وزیر اعلیٰ صاحب سے کہ بونیر راستے میں آتا ہے، وہاں راستہ دینا انتہائی ضروری ہے، دیر کو راستہ ضروری ہے تاکہ تمام آر پار کے جو اضلاع ہیں وہ اس موٹروے سے مستفید ہو سکیں۔ جناب سپیکر! آپ کی حکومت نے 31 ارب کے روڈز کے نئے منصوبے ڈالے ہیں، میں نے وزیر خزانہ سے پوچھا بھی ہے اور مجھے ایک روپے کی نئی سکیم پوزیشن کے حلقوں میں نظر نہیں آ رہی۔ جناب سپیکر! میں وزیر اعلیٰ صاحب کے نوٹس میں لانا چاہتا ہوں کہ سرکاری ملازمین کو سیاسی بنیادوں پہ ٹرانسفر کرنا، میں ہاؤس میں یہ بات نہیں کرنا چاہ رہا تھا لیکن یہاں پہ ہمارے بزرگ اور محترم ایم پی ایز صاحبان بیٹھے ہیں، ایک سب انجینئر نے لوئر دیر میں صرف اتنا کیا کہ ایک منتخب ایم پی اے کے افتتاح کا کتبہ لگایا، اس کا بورڈ لگایا، اس کی پاداش میں اس کو وزیرستان ٹرانسفر کر دیا گیا۔ میں نے کمیونی کیشن منسٹر کو بھی، ابھی وزیر اعلیٰ صاحب ہاؤس میں بیٹھے ہیں، ہم احترام رکھتے ہیں، تو آپ بھی احترام کا خیال رکھیں، میں نے کمٹمنٹ کی ہے کہ ہم ان کی سپیچ کو بڑے تحمل سے سنیں گے ان شاء اللہ تو آپ ذرا ڈسپلن پیدا کریں اور ذرا احترام کا رشتہ پیدا کریں۔ وزیر اعلیٰ صاحب! یہ بڑی زیادتی ہے، یہ منتخب لوگ ہیں، آپ کے خاندان کی طرح یہ آپ کے ساتھی بھی خاندانی لوگ ہیں، پشت در پشت ان میں بہت سارے لوگ سیاست میں آتے رہے ہیں اور آپ کی فرنٹ سیٹ پہ بیٹھنے والے آپ خود جانتے ہیں کہ کوئی ساٹھ سال سے کوئی ستر سال سے، کوئی پچاس سال سے پشت در پشت سیاست میں آتے رہے ہیں، وزیر اعلیٰ صاحب! حکومتیں آتی جاتی رہتی ہیں، کل ہماری حکومت تھی، اس کے بعد آپ کی حکومت رہی، دوبارہ آپ کو حکومت ملی، ہم اس پہ اگر ناخوش بھی ہیں تو ہم برداشت کریں گے لیکن اپنے حق کیلئے، اپنے عوام کے حقوق کیلئے جناب سپیکر! میں دوبارہ کہونگا کہ مجھے آج افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ میں نے بھی آج نعرے لگائے ہیں، یہ مجھے اچھا نہیں لگا ہے، یہ کوئی مہذب طریقہ نہیں ہے لیکن یہ سوچنا چاہیئے کہ اس کام پہ ہمیں کس نے مجبور کیا؟ ہم تو بار بار مطالبہ کرتے رہے ہیں

پچھلے دس مہینوں سے کہ اپوزیشن کو دیوار سے نہ لگایا جائے، اس طرح نہیں ہوگا، سیاسی معاشرے میں، سیاسی حکومتوں میں جمہوری معاشرے میں اور جمہوری مملکتوں میں تمام پارٹیاں آزاد ہوتی ہیں، وہ اپنے حق کیلئے احتجاج کا حق رکھتی ہیں، آج ہم عدالت بھی گئے، جناب سپیکر! ہمیں کیوں جانا پڑا؟ اگر ہمارے علاقوں کو وہ حصہ ملتا، جناب وزیر اعلیٰ صاحب! میں نے کل یہاں پہ ایک بات کہی، میں نے سارے ہاؤس کو یہ بات بتائی کہ اگر میرے حلقے کے لوگ مجھ سے یہ پوچھیں کہ یہ حکومت آپ کے ساتھ زیادتی کر رہی ہے تو ضرور مجھ سے پوچھیں گے کہ آپ نے کیا کیا ہے؟ ہمارے حق کیلئے آپ عدالت گئے ہیں، آپ نے اسمبلی میں بات کی ہے، آپ نے روڈ بلاک کیا ہے، آپ نے سی ایم ہاؤس بلاک کیا ہے، آپ نے گورنر ہاؤس بلاک کیا ہے، آپ نے سپیکر ہاؤس بلاک کیا ہے؟ تو پھر میرے پاس جواب نہیں ہوگا، ہم نے اپنے عوام کو جو ہمارے اوپر بار بار اعتماد کا اظہار کر رہے ہیں، ہم نے ہر طرح سے ان کے حقوق کا تحفظ کرنا ہے، ہم نے ہر طرح سے ان کے حقوق کی ان کو ضمانت دینی ہے اور ہم نے ان کو ان کے حقوق دینے ہیں، تو میں یہی ریکویسٹ کرونگا وزیر اعلیٰ صاحب سے کہ وزیر اعلیٰ صاحب! یہاں حکومتیں کام کرنے سے نہیں بنتی ہیں، جناب سپیکر صاحب، یہ بد قسمتی ہے اس ملک کی، یہاں پہ جس طرح حکومتیں بنتی ہیں، ہم ان قصوں میں نہیں پڑنا چاہتے ہیں لیکن اس صوبے کی روایات ہیں، امیر حیدر ہوتی اس صوبے کے وزیر اعلیٰ رہے ہیں، اسمبلی کا ریکارڈ اٹھائیں، اپوزیشن نے ایک دفعہ، اگرچہ پیر صابر شاہ یہاں پہ سابق وزیر اعلیٰ بیٹھے تھے، اکرم خان درانی یہاں پہ سارے، یعنی سابق چیف منسٹرز بیٹھے تھے، یہاں پہ سکندر شیر پاؤ موجود تھے، یہاں پہ عبدالاکبر خان کو اللہ تعالیٰ بخشے وہ موجود تھے، اس صوبے کے سینیئر ترین پارلیمنٹیرین موجود تھے لیکن پانچ سال کسی اپوزیشن ممبر کو یہ ہمت نہیں ہوئی کہ وہ Requisition کرلے۔ جناب سپیکر! آپ کو بھی پتہ ہے کہ جب حیدر خان وزیر اعلیٰ تھے تو وہ ہر جمعرات کو اس ہاؤس کے تمام ممبران سے ملا کرتے تھے، ان میں یہ بات نہیں تھی کہ مسلم لیگ سے نہیں ملنا ہے، پیپلز پارٹی سے نہیں ملنا ہے اور اے این پی سے ملنا ہے، بالکل کل بھی میں نے ہاؤس میں یہ اعتراف کیا تھا کہ اگر عوامی نیشنل پارٹی کی حکومت میں کسی کے ساتھ زیادتی ہوئی ہے، میں عوامی نیشنل پارٹی کے پارلیمانی لیڈر کی حیثیت سے آج فلور آف دی ہاؤس، فلور آف دی ہاؤس یہ اعتراف کرتا ہوں کہ وہ زیادتی شہرام خان کے چچا کے ساتھ ہوئی ہے، بالکل میں اس کا اعتراف کرتا ہوں، نہیں ہوئی چاہیئے، ایک ممبر کے ساتھ زیادتی ہوتی ہے، یہ زیادتی نہیں ہونی چاہیئے تھی اور ظاہر ہے پولیٹیکل پریشرز ہوتے ہیں ان علاقوں کے، لیکن جناب سپیکر! اس میں اس طرح نہیں تھا،

تمام ممبران آتے تھے، یہاں پہ منور خان بیٹھے ہیں، یہاں پہ ہمارے بزرگ حاجی صاحب بیٹھے ہیں، جو ممبر پہلے آتا تھا وہ ہر ویک ان سے ملا کرتے تھے، کسی کا کام زیادہ ہو، کسی کا کام کم ہو، لیکن جناب سپیکر، انہی کی روایات کو ہم نے بحال اور برقرار رکھنے کی بھرپور کوشش کی ہے۔ جناب سپیکر! میری آخر میں ریکویسٹ ہو گی وزیر اعلیٰ صاحب سے کہ اس صوبے کی اپنی روایات ہیں، ان شاء للہ ہم آپ کو باور کراتے ہیں، ہم پختون ہیں، آپ بھی پختون ہیں، ہم باور کراتے ہیں کہ ان شاء اللہ اس صوبے کی ترقی کیلئے، اس صوبے کو ترقی کی راہ پر ڈالنے کیلئے، اس صوبے کو اور آپ کی حکومت کو جو مشکلات ہیں، وہ مشکلات ہماری بھی ہیں، ان شاء اللہ ہم پورا پورا ساتھ دیں گے لیکن اپوزیشن کے ساتھ زیادتی ہو رہی ہے، یہ تاریخ میں لکھا جائے گا، مجھے اس پہ بھی خفگی ہو گی، پریشانی ہو گی کہ ملاکنڈ ڈویژن کا میرا بھائی جو ہے وہ وزیر اعلیٰ رہا اور اپوزیشن کو اتنے تحفظات اور اتنی مشکلات تھیں، تو یہ بھی ہم برداشت نہیں کر سکتے۔ لہذا آپ سے ان شاء اللہ مجھے امید ہے کہ آپ اپوزیشن اور تمام ممبران کی مشکلات اور مسائل کا ازالہ کریں گے ان شاء اللہ۔ تھینک یو۔

<u>Mr. Speaker</u>: Thank you very much. Sardar Muhammad Yousaf Sahib.

<u>سردار محمد یوسف زمان</u>: شکریہ جناب سپیکر۔ جناب سپیکر! آج جس وقت اجلاس شروع ہوا تو میں یہاں حاضر تھا اور آپ کا شکریہ کہ مجھے کچھ کہنے کا موقع بھی دیا اور یہی بات میں نے کی تھی کہ یہ ایک ایسا فورم ہے جس میں پورے صوبے کی نمائندگی ہے، ہر علاقے کی نمائندگی ہے اور بجٹ سیشن ہے اور بجٹ سیشن میں ہر معزز ممبر یہ حق بھی رکھتا ہے کہ اپنے خیالات کا بھی اظہار کر سکے، اپنے حلقے کی نمائندگی بھی کر سکے تو یہ اس کا جو حق ہے اس کو غصب کرنا یہ مناسب نہیں ہے اور میں نے یہ بات پوئنٹ آوٹ کی تھی، چونکہ ہمارے اپوزیشن کے ممبران جو آج ہائی کورٹ میں گئے ہوئے تھے، بہت ساروں نے کٹ موشنز بھی دی ہوئی تھیں اور میں نے یہ بات آپ کے نوٹس میں بھی لائی کہ جب وہ آجائیں گے اور ان شاء اللہ یہ کٹ موشنز وغیرہ پہ ان کو موقع دیا جائے گا لیکن افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ اس کے بعد آپ نے جو ایک تحریک پیش کروا کر اور ان سب لوگوں کو جو ان کا ایک حق تھا، آواز اٹھانے کا، بات کرنے کا، ان کو محروم کر دیا، حالانکہ اس کے باوجود بھی چونکہ گورنمنٹ پارٹی جو ہے وہ واضح اکثریت میں ہے، دو تہائی اکثریت ہے، وہ بجٹ پاس کر سکتی ہے اور کر بھی لیا لیکن جہاں تک تھوڑی سی ایک بدمزگی پیدا ہوئی جو ہم نہیں چاہتے، جس طرح کی ہماری یہ راوایات، اس صوبے کی روایات مختلف ہیں، چاہے ہمارا تعلق کسی بھی پارٹی سے ہو، پاکستان مسلم لیگ نون سے ہو یا اے این پی سے ہو، پیپلز پارٹی سے ہو یا اسی طریقے سے جے یو آئی

سے ہو، جماعت اسلامی سے ہو، پی ٹی آئی سے ہو لیکن ہمارا ایک دوسرے کے ساتھ عزت اور احترام کا رشتہ ہمیشہ رہا ہے۔ میں 85ء میں اس ہاؤس کا ممبر تھا اور غیر جماعتی ہاؤس تھا لیکن اس وقت کے جن جن ممبران صاحبان سے ہمارے تعلقات رہے یا رابطہ رہا، آج تک ہمارا ان کے ساتھ ایک دوستی کا تعلق ہے، ایک رشتے کا تعلق ہے، یہ راوایات جو ہوتی ہیں یہ اچھی روایات ہیں، ان کو نہیں چھوڑنا چاہیئے اور اس میں یہ نہیں ہے کہ کوئی شخص اپنی اکثریت کی بنیاد پر اچھی روایتوں کو ختم کردے۔ چونکہ وزیر اعلیٰ صاحب آج اس ہاؤس میں موجود ہیں اور یہ بڑی خوش قسمتی کی بات ہے کہ وزیر اعلیٰ صاحب کی موجودگی میں بہت سارے ایسے ممبران جو کہ ان کو اپنی اچھی تجاویز دے سکتے تھے، وہ اچھی تجاویز جو اس صوبے کیلئے، اس صوبے کے عوام کیلئے فائدہ مند ہو سکتی تھیں لیکن وہ اپنی بات نہ کرسکے، میں سمجھتا ہوں کہ یہ ایک اچھی روایت ابھی قائم نہیں ہوئی، احتجاج جو ہمیں مجبوراً کرنا پڑا اور میں بھی اپنے مزاج کے مطابق اس میں کسی طرح شامل نہیں ہونا چاہتا تھا لیکن مجبوراً یہ آواز اٹھانی پڑی، تاہم جناب سپیکر! اب جو پورے صوبے کی بات ہے تو پورے صوبے کے ہر ضلع، ہر حلقے کا حق بھی ہے اور ہمیں یہ بات کئی دفعہ یاد بھی کرائی گئی کہ ہمیں یاد دہانی کرائیں اور ہمیں یقین دہانی کرائی گئی کہ جی ہر حلقے کو وہ ان شاء اللہ ان کو حق ملے گا، جو اپوزیشن لیڈر یا پارلیمانی لیڈر کی ملاقات وزراء سے ہوئی یا چیف منسٹر صاحب خود موجود ہیں، انہوں نے یہ یقین دہانی کرائی تھی، ہم مطمئن ہیں، طے ہے کہ ان شاء للہ ہمارے حلقوں کو ان کا جو حصہ ہے وہ ضرور ملے گا لیکن جو ابھی بجٹ سامنے آیا، اس میں جو اے ڈی پی سامنے آئی ہے، یہ حقیقت ہے کہ اپوزیشن ممبران کے حلقوں کو محروم کیا گیا ہے۔ میں اپنی مثال دیتا ہوں، اپنے ضلعے کی مثال دیتا ہوں کہ میرا حلقہ پی کے۔34 ہے، میرا تعلق پاکستان مسلم لیگ نون سے ہے، میرے ساتھ ہی جو نعیم سخی صاحب کا حلقہ پی کے۔32 ہے، ان کا تعلق بھی مسلم لیگ نون سے ہے، ان دونوں حلقوں کو محروم کیا ہے، باقی تھوڑا بہت کچھ حصہ دیا ہے جو کہ ہمارے جو Colleagues ہیں، جو دوست ہیں، جن بھائیوں کا تعلق پی ٹی آئی سے ہے، ہم یہ نہیں کہتے کہ ان کو کیوں دیا؟ بالکل حق ہے، دینا چاہیئے لیکن ہم یہ ضرور حق رکھتے ہیں کہ ہمارے حلقوں کو کیوں محروم کیا گیا ہے، کس بنیاد پر محروم کیا گیا ہے، وہ کون سا آئین، قانون ہے، رولز ریگولیشنز جس کی بنیاد پر ان حلقوں کے لوگوں کو محروم کیا گیا؟ ہم اپنی ذات کیلئے کوئی ڈیمانڈ نہیں کرتے ہیں اور جو حلقے جہاں سے ہم الیکٹ ہو کر آئے، اس ہاؤس کے ہم ممبر ہیں، یہ معزز ہاؤس ہے تو اس وجہ سے ان حلقوں کو محروم کرنا یہ بہت بڑی زیادتی ہے۔ تو میں وزیر اعلیٰ صاحب کے نوٹس میں یہ بات لانا چاہتا ہوں، میں مشکور ہوں کہ ان کا تعلق

بھی ایک ایسے ڈویژن سے ہے جس طرح ہزارہ ڈویژن یا ملاکنڈ ڈویژن جو کہ پسماندہ ڈویژن، بہت سارے پسماندہ علاقے ہیں، ہزارہ میں بھی، آپ کوہستان کو دیکھ لیں، تورغر کو دیکھ لیں، بٹگرام کو دیکھ لیں، مانسہرہ میں تناول کا ایریا ہے یا مانسہرہ کے دوسرے حلقے، یہ سرن ویلی وغیرہ، یہ پسماندہ علاقے ہیں، وہاں ابھی تک لوگ بنیادی ضروریات سے بھی محروم ہیں، میں جس حلقے سے تعلق رکھتا ہوں جناب سپیکر! میں نے چیف منسٹر صاحب کے نوٹس میں یہ بات لائی تھی کہ پوری تحصیل میں کوئی کالج لڑکوں کا یا لڑکیوں کا نہیں، میرے حلقے میں پوری تحصیل میں، جبکہ اس وقت تعلیم کی کتنی اہمیت ہے؟ اسی طرح وہاں سڑکوں کی حالت خراب ہے، اسی طرح وہاں بی ایچ یوز یا آر ایچ سیز، وہاں ڈاکٹرز نہیں ہیں اور میں یہ تحریری طور پر جناب چیف منسٹر محمود خان صاحب کے نوٹس میں لایا ہوں، پہلے بھی، اب بھی، میری اس دن جب ملاقات ہوئی تھی، میں نے یہ ریکویسٹ کی تھی کہ تھوڑا سا ٹائم اگر دے دیں لیکن چونکہ وزیر اعلیٰ صاحب مصروف ہوتے ہیں، میں گلہ بھی نہیں کرتا لیکن ان کی مصروفیات کی وجہ سے پھر ہماری وہ ملاقات کینسل ہوئی، تاہم یہ حلقوں کے اپنے اپنے جتنے بھی لوگ ہیں وہ حق رکھتے ہیں جناب سپیکر! چونکہ اپوزیشن اور گورنمنٹ یہ دونوں جو ہیں ایک گاڑی کے دو پہیئے ہوتے ہیں، اب جو آج جس طریقے سے یہاں پر ان کو بولنے نہیں دیا گیا، ظاہر ہے کہ ہم اگر تجویز دیتے تو گورنمنٹ کو فائدہ ہوتا، سب سے زیادہ جو فائدہ ہوتا وہ یہ تھا کہ گورنمنٹ کیلئے آسانی پیدا ہوتی اور یہ آسانی سے اس نظم ونسق کو بھی چلا لیتے لیکن میں یہ گزارش کرتا ہوں کہ اب بھی وقت ہے، کوئی ایسی بات نہیں ہے، چیف منسٹر صاحب یا ان کی کیبنٹ ان حلقوں کو جو محروم ہیں، ان کو Accommodate کر سکتے ہیں اور انہیں کرنا بھی چاہیئے۔ جناب سپیکر! چونکہ اس وقت جس طرح کہ سب سے زیادہ ہماری پارٹی متاثر ہے، پاکستان مسلم لیگ نون، ہماری قیادت جیلوں میں ہے، ہماری قیادت کے خلاف بہت سارے جو مقدمات، جو کیسز بنائے ہوئے ہیں، جو نیب میں ہیں لیکن وہ اپنی جگہ مقابلہ بھی کر رہے ہیں، ہم نے یہاں کبھی کوئی گلہ نہیں کیا کیونکہ ہم یہ چاہتے ہیں کہ صوبے میں جو یہ حکومت ہے یہ صحیح طریقے سے چلتی رہے، عوام کی بھی خدمت کرے، لوگوں کے ترقیاتی کام بھی کرے اور اسی طریقے سے ہماری طرف سے تعاون بھی رہا ہے، اپوزیشن کی طرف سے (تالیاں) لیکن آج جس طریقے سے، اگر اپوزیشن کو دیوار کے ساتھ لگایا جائے گا، ہمیں اپنے حق سے محروم کیا جائے گا، ہمارے لوگوں کو محروم کیا جائے گا تو اس وجہ سے پھر ہم مجبور ہونگے، ہم تو یہی احتجاج کر سکیں گے، اور ہم کیا کر سکتے ہیں؟ لیکن جناب سپیکر! چونکہ۔۔۔

Mr. Speaker: Windup, please.

سردار محمد یوسف زمان: بہت ساری ایسی باتیں کہ جو شاید وزیر اعلیٰ صاحب کے نوٹس میں نہ ہوں اور شاید کہ ان کیلئے مشکلات بھی ہوں گی لیکن ان شاء اللہ ہم سے جو تعاون ہو گا ان شاء اللہ وہ کرتے رہیں گے، اس صوبے کی تعمیر وہ ترقی کیلئے، اس صوبے کے عوام کی خوشحالی کیلئے، اس صوبے میں وہ لوگ جو ابھی تک بنیادی ضروریات زندگی سے بھی محروم ہیں، ان کے تعاون کیلئے جو ہم ان شاء اللہ تعاون ضرور کرتے رہیں، ان کے حق کیلئے۔۔۔۔۔

Mr. Speaker: Windup, please.

سردار محمد یوسف زمان: لیکن میں یہ گزارش کرتا ہوں کہ خدارا یہ جو چیز اگر دینی ہے تو کم از کم واضح طور پر ہونی چاہیئے، یہ کبھی نہیں ہونا چاہیئے، بہت سارے کام ہم نے دیکھے ہیں، بڑے بڑے دعوے کرنے والے، بڑے بڑے کام کرنے والے، میگا پراجیکٹ لانچ کرنے والے، ان کو بھی عوام نے مسترد کیا ہے، وہ بھی دوبارہ نہیں آسکے، یہ ذہن سے نکالنا چاہیئے، ایک حلقے کا اگر نمائندہ ایم پی اے وہ اپنے حلقے کا ہے لیکن ایک منسٹر پورے صوبے کا منسٹر ہوتا ہے، ایک وزیر اعلیٰ پورے صوبے کا وزیر اعلیٰ، ان کا پورا صوبہ حلقہ ہے اور ہم یہ توقع رکھتے ہیں اپنے چیف منسٹر صاحب سے کہ وہ پورے صوبے کو سامنے رکھتے ہوئے جو کہ انصاف کی بنیادوں پر ان علاقوں کو ترقیات کے لحاظ سے Accommodate کریں۔۔۔۔۔

Mr. Speaker: Thank you, Sardar Sahib.

سردار محمد یوسف زمان: باقی جو نوکریوں کے لحاظ سے یہ انتقامی کاروائیاں ہو رہی ہیں، یہ بات اس سے پہلے بھی ایک دفعہ میں وزیر اعلیٰ صاحب کے نوٹس میں لایا تھا کہ بہت سارے حلقوں میں جو اپوزیشن کے حلقے ہیں انتقامی کارروائیاں ہو رہی ہیں، جس طرح بابک صاحب نے مثال دی ہے، ہمارے حلقوں میں بھی کوئی سرکاری ملازم جو ہے اس کو محض اس خاطر ٹرانسفر یا تنگ کیا جا رہا ہے کہ اس کا تعلق خدانا خواستہ وہ سمجھتے ہیں کہ اس پارٹی سے ہے، حالانکہ یہ ایک رشتہ داری ہے یا تعلق داری ہے، وہ اپنی جگہ سب کی ہوتی ہے لیکن سرکاری ملازم سرکاری ملازم ہوتا ہے اور اس کو بے جا طور پر تنگ نہیں کرنا چاہیئے، بلکہ جو ان کی مراعات ہیں ان کو ملنی چاہئیں، ابھی بھی جہاں پر سکولوں میں، کالجز میں یا اسی طریقے سے ہسپتالوں میں نہ ڈاکٹرز ہیں، ہمارے حلقوں میں سکولوں میں ہیڈ ماسٹرز نہیں ہیں۔۔۔۔۔

Mr. Speaker: Windup, please.

سردار محمد یوسف زمان: بہت ساری پوسٹیں خالی ہیں، میں یہ گزارش کروں گا کہ ان کو مکمل کیا جائے اور ان شاء اللہ ہم یہ توقع رکھتے ہیں کہ ایک اچھے انداز میں ہمیں آگے لیکر اگر بڑھیں گے تو ان شاء اللہ یہ صوبہ بھی ترقی کرے گا اور ملک بھی ترقی کرے گا۔ بہت شکریہ۔

جناب سپیکر: تھینک یو ویری مچ۔ پریس گیلری کے الیکشنز ہوئے ہیں جس میں "ایکسپریس نیوز" کے احتشام بشیر صاحب صدر، "جنگ" اخبار کے گلزار محمد خان صاحب سیکرٹری اور "آج نیوز" کے ملک عاجز صاحب کو آرڈینیٹر منتخب ہوئے ہیں، میں اپنی جانب سے اور پورے ایوان کی جانب سے انہیں مبارکباد پیش کرتا ہوں۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: آنریبل چیف منسٹر صاحب۔

(تالیاں)

جناب محمود خان (وزیراعلیٰ): مہربانی۔ اَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيطٰنِ الرَّجِيمِ۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحمٰنِ الرَّحِيمِ۔ شکریہ، جناب سپیکر! آج صوبے کی تاریخ میں ایک ایسا دن ہے کہ میں سمجھتا ہوں آج کا بجٹ جو اب تقریباً پاس ہونے والا ہے اور میرے اپوزیشن کے بھائی یہاں پر موجود ہیں، میڈیا کے دوست یہاں پر موجود ہیں، سرکاری افسران سب یہاں پر موجود ہیں، اس لحاظ سے تاریخی دن ہے کہ اس بجٹ میں فاٹا جسے Newly merged districts کے نام سے ہم Quote کرتے ہیں، ان کا بجٹ بھی شامل ہے، تو میں آپ سب کو مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ (تالیاں) بدقسمتی سے کسی بھی میرے بھائی نے فاٹا کا ذکر یہاں پر نہیں کیا، جتنے بھی ہمارے اپوزیشن کے لیڈران صاحبان ہیں، ممبران صاحبان ہیں، ان کی طرف سے کوئی بات فاٹا کے حوالے سے نہیں کی گئی، تو میں سمجھتا ہوں کہ یہ ان لوگوں کے ساتھ زیادتی ہے لیکن جس طرح میرے بھائیوں نے کہا کہ ہمارے حلقوں کو فنڈز نہیں دیئے جاتے یا ہمیں نظر انداز کیا جا رہا ہے تو میں ان سے کہنا چاہ رہا ہوں کہ اب تک Newly merged districts کا کوئی بھی نمائندہ اس ایوان میں موجود نہیں ہے لیکن پھر بھی ہم ان کیلئے Fight کر رہے ہیں، پھر بھی ان کے حلقوں کیلئے کچھ دینا چاہتے ہیں، تو اس سلسلے میں فاٹا کے بجٹ کے حوالے سے میں پاکستان آرمی اور خاص کر میں جنرل باجوہ صاحب اور اپنے پرائم منسٹر صاحب کا مشکور ہوں کہ آرمی نے اپنا 20 پرسنٹ بجٹ Freeze کر کے فاٹا کو دے دیا ہے، تو میں (تالیاں) تو میں اپنی طرف سے، اپنی حکومت کی طرف سے، اپنے

پارٹی نمائندگان کی طرف سے ان کا مشکور ہوں، ان کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔ باقی ہم آجاتے ہیں، آج کے اس بجٹ کے حوالے سے جو میں نے دیکھا کہ بابک صاحب نے بڑی بہترین تقریر کی، سردار یوسف صاحب ہمارے سینیئر ہیں، منسٹر رہے ہیں کافی عرصے تک، ان کی پینتیس، ان کی پورے پاکستان میں اور پنجاب میں ان کی حکومت رہی ہے، تو میں ان سے صرف یہ گزارش کروں گا کہ جب میں نے حلف لیا اور سوات سے میرا تعلق ہے، ملاکنڈ ڈویژن سے پہلی دفعہ نمائندگی ہمیں ملی، تو میں نے اس دن کہا تھا کہ میں اکیلے سوات اور ملاکنڈ ڈویژن کا وزیراعلیٰ نہیں بنوں گا بلکہ میں پورے صوبے کا وزیراعلیٰ بن کے آپ کو بتاؤں گا کہ میں پورے صوبے کا وزیراعلیٰ ہوں۔ (تالیاں) اس بجٹ میں شاید آپ لوگوں کے کچھ تحفظات ہوں گے، ہم بیٹھے تھے، یہ جتنے بھی ہمارے اپوزیشن کے بڑے ہیں، ان کے ساتھ ہماری بیٹھک ہوئی تھی، آپ کے گھر میں ہوئی تھی سپیکر صاحب، اور ان کے ساتھ معاملات طے ہوئے تھے کہ آپ بجٹ میں ہمارا ساتھ دیں، یہ پورے صوبے کا بجٹ ہے، اس میں بہت کچھ موجود ہے، اگر آپ کے حلقے نظر انداز ہو گئے ہیں تو ان کو ہم Compensate کر سکتے ہیں، ان کو ہم فنڈ دے سکتے ہیں لیکن بد قسمتی سے آج جو میں دیکھتا رہا، کل سے جو ایوان میں ہوتا رہا، پہلے دن بجٹ میں ہوتا رہا، میں سمجھتا ہوں یہ اس اسمبلی کی روایات کے خلاف ہے جو ہماری روایات تھیں اور ہیں (تالیاں) ایسا نہیں ہونا چاہیئے۔ اگر میں تنقید کرنا شروع کر دوں تو میرے ساتھ ایک ایک جو میرا ایم پی اے موجود ہے، انہوں نے ایک ایک بات مجھے بتائی ہے جو Ex MNAs ہیں، جو اب ہمارے ساتھ ایم پی ایز ہیں، انہوں نے کافی باتیں بتائی ہیں کہ ہمارے ساتھ یہ ہوا، میں اس پہ نہیں جاؤں گا، اس کی ضرورت نہیں ہے لیکن یہ ایک بات میں ضرور اس ایوان کے سامنے رکھوں گا اور وہ یہ کہ یہ ایوان جس طرح آپ لوگوں نے کہا کہ یہاں پر آپ اپنے حلقوں کے مسائل ڈسکس کریں گے، اس صوبے کے مسائل ڈسکس کریں گے، اس کے علاوہ قانون سازی ہو گی، یہاں پر بہترین ماحول میں ہم سارے پختون ہیں، سارے ایک ہی مٹی کے، ایک ہی صوبے سے ہمارا تعلق ہے لیکن یہاں پر جب سے ہم حکومت میں آئے ہیں ہم یہ سنتے آرہے ہیں کہ یہاں پر صرف آپ لوگوں کی طرف سے ان لوگوں کی پشت پناہی ہو رہی ہے، ان لوگوں کو آپ Defend کرنا چاہتے ہیں، وہ کہتے ہیں جی کہ ان پہ نیب کے کیسز بنے ہیں، وہ تو ہم نے نہیں بنائے ہیں وہ کیسز، وہ تو آپ کے ادوار میں بنے ہیں وہ کیسز، اس میں ہمارا کیا قصور ہے، اس صوبے کا اس میں کیا قصور ہے، اس صوبے کے عوام کا کیا قصور ہے؟ (تالیاں) لوگ چوری کریں گے تو ہم ان کا دفاع کریں گے، لوگ ڈاکہ ڈالیں گے تو ہم ان کا دفاع

کریں؟ بلکہ ہم ان کو اور بھی پش کریں گے کہ وہ جیلوں میں جائیں، گلے سڑے لوگوں کے پیسے ان سے نکال لیں، ہمارا تو کام یہ ہے کہ ہم یہ کریں (تالیاں) یہ اس منتخب ایوان کا کام نہیں ہے کہ ہم ان کو Defend کریں، میں آگے اس پر بحث نہیں کرنا چاہتا، وہ عدالتی معاملات ہیں یا نیب کے معاملات ہیں، ہمارے ادارے Independent ادارے ہیں، حکومت کا ان سے کچھ کام نہیں ہے، اگر ہم غلط کام کریں تو ہم بھی تابعدار ہیں، ہم بھی اس کو Face کرنے کیلئے تیار ہیں لیکن یہ ایوان جس طرح میں نے کہا کہ اس کی اپنی روایات ہیں، ان کے مطابق اس ایوان کو ہم چلانے کی کوشش کریں گے، میں بالکل حاضر ہوں، آپ کے جتنے بھی تحفظات ہیں، بجٹ کے حوالے سے، آپ نے کہا کہ بجٹ میں چونکہ ہم نے Rationalization Budget نہیں کیا تھا، ایک بہت بڑی Exercise کی، آج اس وجہ سے، اس Rational کی وجہ سے آج ہم 85 ارب بچا سکے اور آج یہ آپ کا Developmental budget تاریخی بجٹ ہے، یہ آپ کا 236 ارب روپے کا Developmental budget ہے، یہ اس صوبے میں بہت بڑا Developmental budget ہے، آپ سارے پچھلی حکومتوں میں رہے ہیں (تالیاں) اگر میں غلط ہوں تو مجھے آپ ٹھیک کر سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ اس بجٹ میں ہم نے فاٹا کو شامل کیا، 83 رب Developmental budget ان کا ہے، جو 24 ارب روپے سے بڑھ کر 83 ارب روپے ہو چکا ہے، تو یہ جتنا بھی Developmental budget ہے، جتنے بھی پیسے ہیں یہ آپ کے حلقوں میں بھی لگیں گے۔ میں دو تین چیزیں آپ کے سامنے رکھنا چاہتا ہوں، بالکل جس طرح اس سال جو ہم میگا سکیم کمپلیٹ کریں گے، میں تھوڑا سا ان میگا پراجیکٹ کے حوالے بات کروں گا، باقی بجٹ میں سب موجود ہے، تیمور خان نے اس پہ بحث کی تھی، اس سال میں جو ہم مکمل کریں گے ان شاء اللہ، سوات موٹروے کی تکمیل ہوگی، بی آر ٹی کی تکمیل ہوگی اور گومل زام ڈیم کا جو کمانڈ ایریا ہے، ایک لاکھ 71 ہزار ایکڑ فٹ، ان کی تکمیل ہوگی ان شاء اللہ (تالیاں) باقی جو ہمارے نئے میگا پراجیکٹ ہیں، میں وفاقی حکومت کا مشکور ہوں، پرائم منسٹر کا مشکور ہوں، کمیونیکیشن منسٹر مراد سعید کا مشکور ہوں، عاطف خان نے بھی اس میں اپنا کردار ادا کیا کیونکہ وہ ٹورازم منسٹر ہیں، ہمارے سینیئر منسٹر ہیں، سوات موٹروے کی Extension، جنہوں نے اس کیلئے فنڈز رکھے تو میں ان کا بے حد مشکور ہوں۔ اس کے علاوہ میں نے کہا تھا کہ میں اکیلے ملاکنڈ ڈویژن کا وزیر اعلیٰ نہیں بنوں گا، ہم نے Propose کیا ہے Peshawar to D I Khan expressway، ان شاء اللہ اس کی فزیبلٹی تیار کریں گے (تالیاں) اس کے علاوہ پشاور سرکلر ٹرین کی فیزیبلٹی

ہو گی، پشاور کیلئے ایک بڑا میگا پراجیکٹ ہوگا۔ جو آپ لوگوں نے کہا کہ کچھ ایسے اضلاع ہیں جو کہ Backward ہیں، جہاں پر کام نہیں ہو سکے، ان کو اٹھانا ہے کیونکہ ہم نے انصاف کا نعرہ مارا تھا، اس لئے ہم ضرور انصاف کریں گے، تو یہ سپیشل فنڈ At least Non developmental Districts ہم نے رکھا ہوا ہے، جس میں جو Backwards districts ہیں ان شاء اللہ ان کے ساتھ انصاف کیا جائے گا، آپ بے فکر رہیں ان شاء اللہ ضرور کریں گے۔ اس دفعہ ہم نے Propose کیا ہے کہ جتنے بھی ہمارے ڈسٹرکٹ ہیں ان کیلئے ماسٹر پلان بنا سکیں تاکہ ہمیں پتہ چل سکے کہ کون سے ڈسٹرکٹ میں کس چیز کی ضرورت ہے؟ جیسے کرک کو واٹر سپلائی کی ضرورت ہے تو دوسرے ضلعے کو ہسپتال کی ضرورت ہو گی، کسی کو سکولوں کی، جس طرح سردار یوسف صاحب نے کہا کہ میرے حلقے میں کالج کی ضرورت ہے تو اس طرح یہ ایک ماسٹر پلان بنے گا ان شاء اللہ، اگلا اس ماسٹر پلان کے مطابق ان شاء اللہ ہم آپ کو دیں گے۔ اس کے علاوہ جو ہمارا Flagship پراجیکٹ تھا بلین سونامی ٹری، ایک ارب درخت ان شاء اللہ ان پانچ سالوں میں خیبر پختونخوا میں اور ہم لگائیں گے، پورے ملک میں دس ارب، خیبر پختونخوا کا حصہ ایک ارب ہو گا ان شاء اللہ (تالیاں) اس کے علاوہ میں نے وعدہ کیا تھا کہ ملاکنڈ ڈویژن میں نہیں بلکہ پورے خیبر پختونخوا میں جتنی بھی سپیشل پولیس فورس ہے، ان کو میں Permanent ہونے کا اعلان کرتا ہوں، (تالیاں) ان لوگوں کی یہ قربانیاں ہیں، بابک صاحب کو پتہ ہے جس طرح انہوں نے قربانی دی ہے، بہادر خان صاحب ہمارے بڑے یہاں پر بیٹھے ہیں، ان کو بھی پتہ ہے، عنایت اللہ خان صاحب کو، سب کو پتہ ہے کہ انہوں نے کیا قربانیاں دی تھیں اور ان کی قربانی ہے، بجائے اس کے کہ ہم نئی پولیس بھرتی کریں، ہم ان کو ہی ریگولرائز کر دیں جی۔ اس کے علاوہ پشاور اپ لفٹ پروگرام میں ہم نے پیسے رکھے ہیں، ان شاء اللہ پشاور سب کا ہے، ہم سب کا ہے تو ان شاء اللہ اس کیلئے ضرور کام کریں گے۔ یہاں پر ہمارے ایم پی ایز صاحبان بیٹھے ہوئے ہیں، کچھ تو خفا ہم سے بھی ہیں، گورنمنٹ کے ایم پی ایز بھی خفا ہیں، ان کو بھی منانا پڑے گا، ان کیلئے بھی کچھ کرنا پڑے گا۔ اس کے علاوہ خیبر پختونخوا سٹی ڈیویلپمنٹ پروگرام ہے، جس میں بڑے شہر جیسے کوہاٹ، پشاور، مردان، ایبٹ آباد، مینگورہ، ان شاء اللہ اس کی Proper Planning ہو گی اور اس کے جتنے بھی مسائل ہیں، ان شاء اللہ ان کو حل کرنے کی کوشش کریں گے اور سب سے جو بڑا، میں بھول گیا، صحت انصاف کارڈ، جو Throughout Province، ان شاء اللہ ہم سب کو دیں گے۔ (تالیاں) اس میں بابک صاحب! آپ بھی فری علاج کرا سکتے ہیں، منور خان صاحب بھی کر سکتے ہیں

اور یہ محمود بیٹنی بیٹھے ہوئے ہیں، ان کو تو بڑی ضرورت ہے تاکہ ان کا علاج ہم کرا سکیں، (تالیاں) یہ کوشش کریں گے کہ یہ صحت انصاف کارڈ سارے اپوزیشن والوں کو دیدیں تاکہ ان کا یہ مسئلہ حل ہو، اور ان سب کو یاد بھی رہے۔ (تالیاں) تو یہ بجٹ میں یہ بڑی باتیں تھیں جو میں آپ لوگوں سے شیئر کرنا چاہتا تھا، باقی مجھے پتہ ہے، ان شاء اللہ ہم سب لوگ مل کر اس صوبے کو اٹھائیں گے ان شاء اللہ، ہمارا ایک ہی صوبہ ہے، اس کیلئے ہم نے کام کرنا ہے، آپ لوگوں نے کچھ باتیں کیں، میں اب ان کا جواب دینا چاہتا ہوں۔ ایک سیاسی ملازم کے حوالے سے بات کی گئی، یہ جتنے بھی سرکاری ملازمین ہیں، یہ نہ میرے نوکر ہیں نہ آپ کے نوکر ہیں، یہ گورنمنٹ کے نوکر ہیں، اگر ہم آج حکومت میں ہیں تو یہ ہمارے ساتھ کام کریں گے، نوکر نہیں ہیں، یہ ہمارے ساتھ کام کریں گے اور اگر آپ کی حکومت تھی تو یہ آپ کے ساتھ تھے، گورنمنٹ کے ساتھ تھے، یہ کسی کی ذات کے ساتھ یا کسی کی پارٹی کے ساتھ نہیں ہوتے لیکن افسوس کی بات یہ ہوتی ہے کہ ایک بندہ پارٹی کا، پارٹی کی ٹوپی پہن کے وہ جلسوں میں جائے، آپ کے خلاف بات کرے تو کیا خیال ہے آپ لوگوں کا؟ میرے خیال میں اس کو سزا ضرور دینا پڑے گی اور دینی بھی چاہیئے کیونکہ آئندہ کیلئے کوئی سرکاری نوکر یہ نہ کرے کہ وہ (تالیاں) کہ وہ اس میں یہ کرے گا۔ اس کے علاوہ سردار یوسف صاحب نے بات کی اور کالج کے بارے میں، سردار یوسف صاحب بس میرا یہ گلہ ہے کہ انہوں نے مجھے حج کی فلائٹ میں جگہ نہیں دی، جب یہ اس کے منسٹر تھے، یہ حج کے (قہقہے) انہوں نے مجھے فلائٹ میں نہیں بٹھایا، (تالیاں) عاطف خان کو پتہ ہے، شہرام خان کو بھی پتہ ہے، پھر بڑی مجبوری اور بڑے عجیب طریقے سے ہم اس فلائٹ میں بیٹھ کر ہم نے حج کیا تھا، ان سے یہ گلہ ضرور ہے لیکن ان کے کالج کا مسئلہ ان شاء اللہ ہم ضرور حل کرائیں گے۔ (تالیاں) باقی یہاں پر عدالت کی بات کی گئی جی، عدالتوں کا اپنا مینڈیٹ ہے جی، ہم ان کا احترام کرتے ہیں، ہمارے ایک بھائی ادھر چلے گئے ہمارے خلاف اور عدالت نے ہمارے خلاف فیصلہ دیدیا، ان کا Domain ہے، ان کا کام ہے، ہم ان کو Criticize نہیں کرنا چاہتے لیکن عدالت کا کام یہ نہیں ہے کہ آپ عدالت چلے جائیں اور اے ڈی پی کے اوپر آپ Stay لینا چاہتے ہیں، آپ آئیں، بیٹھ جائیں ہمارے ساتھ، یہ معاملات بیٹھنے سے حل ہوں گے، یہ عدالتوں میں حل نہیں ہونے والے ہیں کیونکہ یہ تو گورنمنٹ کا Prerogative ہے اور یہ اسمبلی کا اختیار ہے، ٹو تھرڈ میجارٹی کی وجہ سے ہم سب بلڈوز کر سکتے ہیں لیکن نہیں، ہم چاہتے ہیں کہ ہم آپ کو اپنے ساتھ لیکر چلیں، یہ حکومت بھی احسن طریقے سے چلائیں اور یہ اسمبلی جس کی اپنی

روایات ہیں اس کو بھی برقرار رکھنے میں ہم کامیاب ہوں۔ تو مجھے امید ہے ان شاء اللہ آپ میرے ساتھ ہوں گے اور ان شاء اللہ اکٹھے جائیں، بالکل آپ Criticize کریں، جو ہم غلط کام کر رہے ہیں بالکل آپ کا حق ہے، آپ Positive criticism کریں لیکن یہ نہیں ہونا چاہیئے کہ یہ میں عدالت جاؤں گا یا میں یہ کروں گا یا میں وہ کروں گا، تو اگر یہ باتیں ہوتی رہیں گی تو میرا خیال میں پھر ہمیں بھی تھوڑا سا فرنٹ پہ آنا پڑے گا، تو میں نہیں چاہتا کہ ہم فرنٹ پہ آئیں اور ہم ان شاء اللہ، میں امید رکھتا ہوں کہ ان شاء اللہ ہم ایک ہی ساتھ چلیں گے۔ باقی کوئی پوائنٹ میرے خیال میں میرے پاس نہیں رہا، تو میں اپنی تقریر کو وائنڈ اپ کرنے سے پہلے آپ سب لوگوں کو ایک دفعہ مبارکباد پیش کرنا چاہوں گا لیکن اس سے پہلے چکدرہ سے جو روڈ ہے، چکدرہ دیر سے چترال تک وہ سی پیک کا حصہ بن چکا ہے، ان شاء اللہ اس پر بھی بہت جلد کام شروع ہو جائے گا، ایک موٹروے اس پہ بھی بنے گا (تالیاں) ٹورازم کے حوالے سے میں یہ کہوں گا، عاطف خان بیٹھے ہوئے ہیں، ٹورازم منسٹر ہیں ہمارے، ان شاء اللہ نئی جگہیں ہم Identify کر رہے ہیں، اس سال دو کی پروپوزل ہے کہ تین کی ہیں، اس طرح وہ کریں گے ان شاء اللہ، کمراٹ سے دیر تک کا جو روڈ ہے اور ایک پراجیکٹ ہے، اس میں ڈلوائے ہیں پانچ ارب روپے کا پراجیکٹ ہے، بہت سی ایسی جگہیں ہیں ان شاء اللہ اس کیلئے ہم کام کرنا چاہتے ہیں۔ تو میری آپ بھائیوں سے یہی ریکوسٹ ہو گی کہ جو میں نے وعدے کئے ہیں، میں اس پہ قائم رہوں گا اور جو آپ کی طرف سے وعدہ ہو اس پر آپ قائم رہیں۔ میری اللہ سے دعا ہے کہ آپ لوگ اس پہ قائم رہیں، آخر میں اپنی سپیچ کو ختم کرنے سے پہلے میں پوری اسمبلی کے سٹاف کو دو، میں چاہتا تھا کہ میں ان کو اضافی وہ دے دوں لیکن محمود جان نے ریکویسٹ کی تو ان کی ریکویسٹ پہ میں تین اعزازیہ کا اعلان کرتا ہوں، Extra آپ لوگوں کیلئے اور آخر میں میں فاٹا کے حوالے سے ان بھائیوں کو یہ میسج دینا چاہتا ہوں کہ جو وعدے آپ لوگوں سے چیف منسٹر نے کئے ہیں، پرائم منسٹر نے کئے ہیں یا پاکستان آرمی نے کئے ہیں یا جتنے جو بھی سٹیک ہولڈرز نے کئے ہیں، ان شاء اللہ من و عن ان پہ عمل ہو گا، میں آپ کو یہ باور کرانا چاہتا ہوں اس فلور سے Newly merged districts کے اپنے عوام کو ان شاء اللہ ہم آپ کے ساتھ ہیں، آپ کے ساتھ کھڑے ہوں گے اور جو آپ لوگوں نے زندگی گزاری ہے ان شاء اللہ ہم آپ کو اوپر لائیں گے، پورے صوبے کے ساتھ، پورے پاکستان کے ساتھ ایک لیول پر ان شاء اللہ ہم آپ کو لائیں گے۔ آخر میں میں اپنے میڈیا کے دوستوں کا شکر گزار ہوں کہ وہ ہماری Projection کرتے ہیں، میں ان کا بھی بڑا مشکور ہوں، آپ بھائیوں کا بھی مشکور ہوں اور میں

آپ سب کو ایک دفعہ مبارکباد پیش کرنا چاہتا ہوں کہ میری طرف سے آپ کو مبارک ہو، پورے صوبے کے عوام کو مبارک ہو۔ پاکستان زندہ باد۔

(تالیاں)

Mr. Speaker: The sitting is adjourned till 02:00 pm afternoon tomorrow Thursday, 27th June, 2019.

(اجلاس بروز جمعرات مورخہ 27 جون 2019ء بعداز دوپہر دو بجے تک کے لئے ملتوی ہو گیا)